© rasailojaraid.com

# تاثرات

افسوس ہے، پاکستان ریسرچ سوسائٹی (لاہور) کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالحمید ستر سال کی عمر پاکر ۸ دسمبر ۱۹۸۰ء کو انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم ڈاکٹر عبدالحمید اگرچہ عمرِ طبعی کو پہنچ چکے تھے، لیکن ان کے علم و تحقیق کی وجہ سے ابھی اس ملک کو ان کی ضرورت تھی۔ وہ پاکستان کے نامور محققین اور ممتاز دانشوروں میں سے تھے۔ ان کا اصل موضوع تاریخ تھا۔ اس کی انھوں نے تحریر اور تدریس کے ذریعے بہت خدمت کی۔ وہ مختلف اوقات میں گورنمنٹ کالج (لاہور) کے شعبۂ تاریخ کے صدر اور پنجاب یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ اور پولیٹیکل سائنس کے سربراہ رہے۔ اس حیثیت سے انھوں نے بڑی خدمات انجام دیں۔ ٹیکسٹ بک بورڈ (مغربی پاکستان، لاہور) کے ڈائریکٹر کے منصب پر بھی فائز رہے۔ وفات کے وقت پاکستان ریسرچ سوسائٹی (لاہور) کے ڈائریکٹر تھے۔

خوش اخلاق اور خوش گفتار اہلِ علم تھے۔ طبیعت مرنجاں مرنج اور متوازن پائی تھی۔ ہر شخص سے اس کے مرتبے کے مطابق گفتگو کرتے اور نرمی سے پیش آتے۔ کسی کو تکلیف پہنچانا اور ذہنی اذیت میں مبتلا کرنا ان کا شیوہ نہ تھا۔ اہلِ علم کا بالخصوص بہت احترام کرتے اور ان کے لیے مخلصانہ جذبات رکھتے تھے۔ جہاں تک ممکن ہوتا دوسرے کی خیر خواہی کرنے اور اخلاص و محبت سے پیش آتے۔ ہمارا ان سے کئی سال سے قریب کا رابطہ تھا اور ریسرچ سوسائٹی کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے وہ ہمارے رفقا کے پڑوسی تھے۔ ہم نے ان کو ایک اونچا شخص پایا اور ان کے میل جول اور کثرتِ معلومات سے متاثر ہوئے۔

دعا ہے، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور ان کے احباب و متعلقین کو صبر کی توفیق عطا کرے۔

© rasailojaraid.com